## لیاری میں مسلح حقیقی دہشت گردوں نے فائرنگ کر کے ایم کیو ایم کے کارکن حاجی فقیر محمد، ہمدرد رضا اللہ کو شہید کر دیا

## حاجی فقیر محمد اپنی رہائشگاہ کے باہر سوزوکی میں بیٹھے ہوئے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی

## گزشتہ تین دن کے دوران ایم کیو ایم کے سات کارکنوں اور ہمدردوں کو فائرنگ کر کے شہید کیا جا چکا ہے

کراچی ۔۔۔7، جون 2009ء

مسلح دہشت گردوں نے ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب فائرنگ کر کے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن حاجی فقیر محمد اور ہمدرد رضا اللہ کو فائرنگ کر کے شہید کر دیا۔ حاجی فقیر محمد اپنی رہائشگاہ کے باہر سوزوکی میں بیٹھے ہوئے تھے کہ مسلح دہشت گردوں نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کر دی جسکے نتیجے میں حاجی فقیر محمد اور رضا اللہ جاں بحق ہو گئے ۔ حاجی فقیر محمد کی عمر 60 سال تھی ، انکے سوگواران میں دو بیٹے ، 4 بیٹیاں اور بیوہ شامل ہیں ۔ حاجی فقیر محمد شہید کو دھوبی گھاٹ کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا ۔ جنازے میں ایم کیو ایم کے مقامی ذمہ داران ، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی ۔ واضح رہے کہ گزشتہ تین دن کے دوران حقیقی دہشت گردوں کے ہاتھوں ایم کیو ایم کے سات کارکنوں اور ہمدردوں کو فائرنگ کر کے شہید کیا جا چکا ہے جن میں ملیر سیکٹر کے کارکن خالد انصاری شہید، اسکیم 33 کے کارکن محمد ارشد شہید، نارتھ کراچی سیکٹر کے خان شیر خان شہید، شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن اجمل معین شہید، ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے کارکن فاروق صدیقی ، لیاری سیکٹر کے کارکن حاجی فقیر محمد اور ہمدرد رضا اللہ شامل ہیں ۔

## ایم کیو ایم لیاری سیکٹر کے کارکن حاجی فقیر محمد اور ہمدرد رضا اللہ کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔7، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن حاجی فقیر محمد اور ہمدرد رضا اللہ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہیداء کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپکے غم میں برابر کے شریک ہیں ۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہیداء کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی عطا کرے ۔ (آمین

## جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں نے کراچی کو بدامنی کی آگ میں جھونکنے کیلئے ایک بار پھر قتل وغارتگری کا کھیل کھیلنا شروع کر دیا ہے ۔ رابطہ کمیٹی

## گزشتہ تین روز کے دوران کراچی میں ایم کیو ایم کے سات کارکنوں اور ہمدردوں کو شہید کیا جا چکا ہے

## ایم کیو ایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا نوٹس لیا جائے اور ان میں ملوث جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے

کراچی ۔۔۔7، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے کارکن حاجی فقیر محمد اور ہمدرد رضا اللہ کے بہیمانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کراچی میں ایم کیو ایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ میں جرائم پیشہ حقیقی دہشت گرد ملوث ہیں جو ایم کیو ایم دشمن قوتوں کی ایماء پر کراچی میں قتل وغارتگری کا کھیل کھیل رہے ہیں ۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قتل ، اقدام قتل ، اغوا برائے تاوان ، ڈکیتیوں اور دیگر جرائم کی ان گنت وارداتوں میں ملوث جرائم پیشہ حقیقی دہشت گرد ماضی میں بھی کراچی میں قتل وغارتگری کا کھیل کھیلتے رہے ہیں وہ اب پھر کراچی میں سرگرم ہو گئے ہیں اور امن کے دشمن ان عادی مجرموں نے کراچی کو بدامنی کی آگ میں جھونکنے کیلئے ایک بار پھر قتل وغارتگری کا کھیل کھیلنا شروع کر دیا ہے ۔ ان جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کے ہاتھوں ملیر سیکٹر کے کارکن خالد انصاری ، اسکیم 33 کے کارکن محمد ارشد ، نارتھ کراچی سیکٹر کے خان شیر خان ، شاہ فیصل کالونی سیکٹر کے کارکن اجمل معین ، لانڈھی سیکٹر یونٹ 84 کے کارکن فاروق صدیقی ، لیاری سیکٹر کے کارکن حاجی فقیر محمد اور ہمدرد رضا اللہ شہید ہو چکے ہیں اس طرح حقیقی دہشت گردوں کی فائرنگ کے نتیجے میں گزشتہ تین روز کے دوران کراچی میں ایم کیو ایم کے سات کارکنوں اور ہمدردوں کو شہید کیا جا چکا ہے ۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف زرداری ، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی ، وفاقی وزیر داخلہ رحمٰن ملک ، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ایم کیو ایم کے کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا نوٹس لیا جائے اور ان میں ملوث جرائم پیشہ حقیقی دہشت گردوں کو گرفتار کیا جائے ۔

## جیکب آباد کے ندیم بروہی سے ایم کیو ایم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔رابطہ کمیٹی

## ندیم بروہی کو کئی ماہ قبل غیر تنظیمی سرگرمیوں کی بناء پر تنظیمی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا گیا تھا

کراچی۔۔۔7 جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ جیکب آباد کے ندیم بروہی سے ایم کیو ایم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔ندیم بروہی کو کئی ماہ قبل غیر تنظیمی سرگرمیوں کی بناء پر تنظیمی ذمہ داریوں سے سبکدوش کر دیا گیا تھا۔لہٰذا اب ندیم بروہی اور اس کے کسی بھی ذاتی فعل سے ایم کیو ایم کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

## ایم کیو ایم شعبہ خواتین کے تحت Communication And Imag Building کے عنوان سے ورکشاپ کا انعقاد

کراچی۔۔۔7،جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین کے زیر اہتمام گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں Communication and Image Building کے عنوان سے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے ذیلی ادارے SIM کے نمائندے شکیل احمد خان نے ابلاغ کی مہارت اور صنفی آگاہی کے موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی اور مختلف چارٹ اور سوال و جواب کے ذریعے خواتین کو آگاہی فراہم کی۔ورکشاپ میں شعبہ خواتین کی کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی اور ورکشاپ میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ورکشاپ میں شکیل احمد خان نے ابلاغ کی ترسیل،صنفی فرق،معاشرتی سماجی رویوں،کمیونی کیشن کی مختلف سمتوں،اس کی اہمیت وافادیت،مفہوم،انسانی رویوں اور معاشرتی وسماجی تبدیلیوں کی وجہ سے خواتین کی نمایاں کامیابیوں،مغربی اور مشرقی معاشرے میں خواتین کے سماجی رویئے اور مسابقت کے فرق سے بھی تفصیلی طور پر خواتین کو آگاہ کیا ۔اس موقع پر ایم کیو ایم شعبہ خواتین کی انچارج کشور زہرا نے ورکشاپ میں خواتین کو مختلف موضوعات پر بریفنگ دینے پر شکیل احمد خان کا شکریہ بھی ادا کیا۔

☆☆☆☆☆